Islamiat Elective - 10th Class Islamiat Elective Urdu Medium Chapter 3 Preparation

Q1. ترجمہ کیجیے ولم یکن لہ کفوا احد

Ans 1: اور کوئی اس کا ہمسر اور ثانی نہیں

Q2. طہارت جسم کی وضاحت کیجیے

Ans 1: مسنون طریقے سے نہادھوکر جسم کو صاف کرنا طہارت جسم کہلاتا ہے غسل سے انسسان روحانی مسرت محسوس کرتا ہے غسل کی وجہ سے انسان کی ذہنی پریشانی اور تنگی ختم ہوجاتی ہے جسم کی صفائی سے انسان کی روح کو مسرت حاصل ہوتی ہے طہارت جسم سے انسان اور حیوان میں فرق واضح ہوتا ہے

Q3. علم طب کیا ہے

Ans 1: علم طب سے مراد صحت کے اصول اور قواعد سے واقف ہونا ہے

Q4. رسول کریم پر ہمارا ایمان کتنی حیثیتوں سے ہے

Ans 1: رسول کریم پر ہمارا ایمان تین حیثیتوں سے ہے آپ خدا کے پیغمبر ہیں آپ کی ہدایت نہایت مکمل ہے آپ کے بعد قیامت تک کوئی نبی نہیں آے گا

Q5. پہلی وحی میں کتنی آیات نازل ہوئی اور کس سورت کی.

Ans 1: پہلی وحی میں پانچ آیات نازل ہوئیں اور یہ آیات سورہ الفلق کی ہے.

Q6. عدل کے معنی تحریر کیجیے

Ans 1: عدل کے معنی ہیں کسی چیز کو مساوی تقسیم کرنا یا چیز کو اس کے مقام پر رکھنا جبکہ عدل کی ضد ظلم ہے جس کا معنی ہے کسی چیز کو اس کے مناسب مقام میں نہ رکھنا یا بدلہ دینے میں کمی پیشی کرنا ہر اچھے اور برے کام کا پورا پورا بدلہ دینا عدل کہلاتا ہے

Q7. جہاد کے بارے میں حدیث کا ترجمہ کریں.

Ans 1: جہاد میں تمہاری شرکت اپنے اہل وعیال میں رہ کر ساٹھ سال کی عباد سے افضل ہے.

Q8. تیمم کی وضاحت کیجیے

Ans 1: تعریف: تیمم کا لفظی معنی ہے قصد واراده کرنا اصطلاح شریعت میں پانی نہ ملنے کی صورت میں وضو اور غسل کی جگہ تمیم کو رکھا گیا ہے تاکہ پانی کی جگہ مٹی سے ایک گونہ طہارت حاصل کرکے اطمینان حاصل کیا جاے وضاحت: اگر وضو کے لیے پانی نہ ملنے یا انسان ایسی بیماری میں مبتلا ہو کر وضو کرنے کی وجہ سے بیماری کے بڑھ جانے کا خطرہ ہو یا جان جانے کا یا خطرہ ہو یا پانی تو موجود ہو لیکن پانی پر دشمن کا قبضہ ہو یا کسی زہریلی چیز یا جانور مثلا سانپ وغیرہ کا قبضہ ہوتو ان تمام صورتوں میں تیمم کرنے کی اجازت ہے تیمم کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے نیت کرلینی چاہیے پھر اپنے ہاتھوں کو مٹی پر ایک بار مار چہرے اور ہاتھوں کو ملے

Q9. مقدمات کا صیح فیصلہ کیوں ممکن نہیں ہوتا

Ans 1: مقدمات کا صحیح فیصلہ رشتہداری کی بنا پر سچی گواہی نہ دینے کی وجہ سے اور کسی سے عداوت کی وجہ سے بھی ممکن نہیں ہوتا ہے

Q10. علم معاش کی وضاحت کیجیے

Ans 1: علم معاش سے مراد وہ علم ہے جس پر معاش کا دارومدار ہے علم معاش عالم ہے خواہ وہ علم متعارف ہو یا کوئی پیشہ یا ہنر ہو کیونکہ دنیا میں جس قدر پیشے یا ہنرہیں وہ سب علم ہی ہیں علم معاش کا حاصل کرنا اور اس پر عمل پیرا ہونا ایک اہم اسلامی فرض ہے